A

സമഗ്ര ശിക്ഷ കേരളം

910

വാർഷിക മൂല്യനിർണ്ണയം 2023-24

STD : IX

ഉർദു

Time :1 ½ Hrs

Score : 40

പൊതു നിർദേശങ്ങൾ

- ആദ്യ 15 മിനിറ്റ് സമാശ്വാസ സമയമാണ്. ചോദ്യങ്ങൾ വായിക്കാനും ഉത്തരങ്ങൾ ക്രമപ്പെടുത്താനും ഈ സമയം വിനിയോഗിക്കേണ്ടതാണ്
- ചോദ്യങ്ങളും നിർദേശങ്ങളും ശ്രദ്ധാപൂർവം വായിച്ച് ഉത്തരമെഴുതുക.
- ഉത്തരമെഴുതുമ്പോൾ സ്കോർ, സമയം എന്നിവ പരിഗണിക്കണം.

3x1= 3 1 سے 4 تک کے سوالوں سے کسی تین کے جواب لکھیے۔

1   1 'میاں پھندر' کس کہانی کا کردار ہے؟

[جینے کے لیے، لاجواب جوتے، امتحان]

1   2 گروہ سے نامناسب لفظ چن کر لکھیے۔

[نظم، غزل، افسانہ]

1   3 بدلتی ہے چمن میں جیسے رت یوں آئی آزادی

اہنسا کے پیمبر نے ہمیں دلوائی آزادی

بچّو، 'اہنسا کے پیمبر' سے کون مراد ہے؟

[مولانا ابوالکلام آزاد، جواہر لال نہرو، گاندھی جی]

1   4 صحیح جملہ کون سا ہے؟

☆ رضیہ اسکول میں پڑھتا ہے۔ ☆ رضیہ اسکول میں پڑھتی ہے۔

☆ رضیہ اسکول میں پڑھتے ہو۔

3x2=6 5 سے 8 تک کے سوالوں سے کسی تین کے جواب لکھیے۔

2   5 اشعار پڑھیے۔ان میں سے **کسان اور کھیتی باڑی** کے بارے میں لکھا ہوا شعر چن کر لکھیے۔

☆ جھٹ پٹے کے وقت گھر سے ایک مٹی کا دیا

اک بڑھیا نے سرِراہ لا کے روشن کر دیا

☆ کاٹو کھیتاں کاٹورے گھر گھر روٹی باٹورے
خون پسینہ پیرورے چاند ستارے کاٹورے

☆ لگتا نہیں ہے دل مرا اجڑے دیار میں
کس کی بنی ہے عالم ناپائیدار میں

6 مناسب کردار کا نام چن کر گروہ پورا کیجیے۔ 2

[گوبردھن، یوسف، مچھندر]

جینے کے لیے	کہانی	....
بیساکھی	ڈراما	....

7 خانہ '**الف**' کو خانہ 'ب' سے ملایئے۔ 2

الف	ب
وقت آیا ہے	بہادر شاہ ظفر
سر سے سر ملائیں	آنند نرائن ملاّ
مٹی کا دیا	اسماعیل میرٹھی
مٹی میں جان آگئی	الطاف حسین حالی

8 نیچے چند نام دیے ہیں۔ ان میں سے **شاعر** اور **افسانہ نگاروں** کے نام الگ کر کے لکھیے۔ 2

[فیض احمد فیض، پریم چند، فرحت اللہ بیگ، بہادر شاہ ظفر]

شاعر	افسانہ نگار

9 سے 15 تک کے سوالوں سے کسی پانچ کے جواب تین چار جملوں میں لکھیے۔ 5X3=15

9 ڈراما 'بیساکھی' میں محنت کرنے کی اہمیت بیان کرتا ہے۔ گڈو اس ڈرامے کا ایک کردار ہے۔ 3

a) بچّو، اس ڈرامے کے اور دو **کرداروں** کے نام لکھیے۔

b) پسندیدہ ایک **کردار پر نوٹ** لکھیے۔

10 **مچھندر** کے جوتے بہت مشہور ہیں۔ یہ جوتے اس کو وراثت میں ملا ہے۔ وہ اپنے جوتے بیچنا چاہتا ہے۔ 3
بچّو، اس کے لیے ایک **اشتہار** تیار کیجیے۔

11 آؤ چٹاناں توڑیں گے ندی نالے موڑیں گے 3

پیاسی پیاسی کھیتی ہے کھیت میں پانی جوڑیں گے

a) بچّو، اس لوک گیت کا شاعر کون ہے؟

b) شاعر کسان اور کھیتی باڑی کی اہمیت بیان کرتے ہیں۔ **کسان اور کھیتی باڑی کی اہمیت پر نوٹ لکھیے۔**

12 اسکاٹ لینڈ کے راجا نے حکم دیا کہ "ملک کے بڑے بڑے پیڑ کاٹ دیے جائیں۔" 3

پیڑ کاٹنے کے خلاف لوگوں نے ایک جلوس نکالنے کا فیصلہ کیا ہے۔ جلوس کے لیے **تین نعرے** تیار کیجیے۔

جیسے: پیڑ نہ کاٹو فطرت کو نہ بگاڑو

13 ہندوستان زبانوں کا گھر ہے۔ اردو ایک اہم ہندوستانی زبان ہے۔ 3

a) بچّو، اور **چار ہندوستانی زبانوں کے نام لکھیے۔**

b) **اردو زبان کے بارے میں** آپ کیا جانتے ہیں؟ نوٹ تیار کیجیے۔

14 آپ کے اسکول میں ماحولیات کے تحفظ پر ایک سمینار ہونے والا ہے۔ صدرِ ضلع پنچایت راجن ماسٹر سمینار کا افتتاح کریں گے۔ ماحولیاتی کارکن احمد صاحب مقالہ پیش کریں گے۔ ہیڈ ماسٹر راجیندر بابو صدارت کی کرسی سجائیں گے۔ 3

بچّو، اس پروگرام کے لیے ایک **پوسٹر** تیار کیجیے۔

اشارے: [عنوان، مقام، تاریخ، افتتاح، صدارت، مقالہ]

15 دنیا میں غزل کی مقبولیت دن بہ دن بڑھتی جا رہی ہے۔ 3

بچّو، **غزل کے بارے میں** آپ کیا جانتے ہیں؟ ایک نوٹ لکھیے۔

16 سے 21 تک کے سوالوں سے کسی چار کے جواب چار پانچ جملوں میں لکھیے۔ 4x4=16

16 جس کے لیے تو نازاں در در بھٹک رہا ہے 4

لے کھول دل کی آنکھیں وہ تیرے روبرو ہے

a) اس شعر کا شاعر کون ہے؟

b) شاعر ہم سے دل کی آنکھیں کھولنے کے لیے کیوں کہتا ہے؟ **شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔**

17 فرنانڈز ایک محنتی کسان ہے۔ وہ کھیتی باڑی میں نئے طریقے استعمال کرتے ہیں۔ 4
سرکار کی طرف سے اس کو ایوارڈ بھی ملا ہے۔
بچّو، اگر آپ کو ان سے ملنے کا موقع ملا تو کیا کیا سوال کریں گے ؟
چار سوالات تیار کیجیے۔
اشارے: [کیا، کب، کیسے، کون سا، کتنے، کہاں، کیوں]

18 آج کل بیماریاں بڑھنے کی وجہ سے لوگ بہت پریشان ہیں۔ 4
بیماریاں بڑھنے کی کیا کیا وجوہات ہیں ؟ اپنے خیالات لکھیے۔
اشارے: [محنت کی کمی، کھانے کی ملاوٹ، ہوائی آلودگی، گندا پانی]

19 مولانا ابوالکلام آزاد مشہور ادیب اور مجاہدِ آزادی بھی تھے۔ 4
a) بچّو، ہندوستان کے **اور دو مجاہدِ آزادی کے نام لکھیے۔**
b) ایک **مجاہدِ آزادی کے بارے میں نوٹ لکھیے۔**

20 4
ہم محنت کش جگ والوں سے جب اپنا حصہ مانگیں گے
اک کھیت نہیں اک باغ نہیں ہم ساری دنیا مانگیں گے

a) ان اشعار کا **شاعر** کون ہے ؟
b) شعر کی روشنی میں **محنت مزدوروں کی اہمیت پر نوٹ لکھیے۔**

21 اشاروں کی مدد سے آنند نرائن ملاّ کے بارے میں ایک **سوانحی نوٹ** تیار کیجیے۔ 4

نام	:	آنند نرائن ملاّ
پیدائش	:	۱۹۰۱ء، لکھنؤ میں
والد کا نام	:	جسٹس جگت نرائن
شہرت	:	نظم نگاری، غزل گوئی
مجموعہء کلام	:	جوئے شیر، کچھ ذرے کچھ تارے، سیاہی کی ایک بوند
وفات	:	۱۲/ جون ۱۹۹۷ء میں